حیسکو پریس رلیز مورخہ 15 اکتوبر 2020

حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد یعقوب کی ہدایت پر حیسکو چیف آپریٹنگ آفیسر / ڈپٹی ڈائریکٹر سرویلنس اینڈ انویسٹی گیشن ظہیر الدین شیخ نے S&I کی ٹیموں کے ہمراہ کارروائیوں کے دوران سرکل-I، سٹیزن سب ڈویژن کے علاقے اسری یونیورسٹی کے عقب کارروائیوں کے دوران 03 غیر قانونی ٹرانسفارمر پکڑے گئے، جس پر فوری طور پر کارروائی کرتے ہوئے ٹرانسفارمر اتارے گئے جبکہ 65 غیر قانونی کنڈہ کنکشن پکڑے گئے ہیں بجلی چوروں کے خلاف مروجہ قانون کے تحت متعلقہ تھانوں FIR درج کرانے کیلئے لیٹر جمع کرادیئے گئے ہیں۔ مزید برآں سکرنڈ سب ڈویژن کے علاقے میں کارروائیوں کے دوران 25KVA کے ٹیوب ویل کے 03 غیر قانونی ٹرانسفارمر بھی اتارے گئے ہیں جبکہ مزید کارروائیاں کی جارہی ہیں۔ حیسکو ترجمان نادہندگان سے واجبات کی 100% فیصد وصولی اولین ترجیح بنیادوں پر یقینی بنائیں، بجلی چوری کی روک تھام کیلئے کارروائیاں مزید تیز کریں۔ حیسکو چیف

حیدرآباد (   ) چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد یعقوب کی ہدایت پر حیسکو چیف آپریٹنگ آفیسر / ڈپٹی ڈائریکٹر سرویلنس اینڈ انویسٹی گیشن نے S&I کی ٹیموں کے ہمراہ کارروائیوں کے دوران سرکل-I، کے سٹیزن سب ڈویژن کے علاقے اسری یونیورسٹی کے عقب میں 03 غیر قانونی ٹرانسفارمر پکڑے گئے، جس پر فوری طور پر کارروائی کرتے ہوئے ٹرانسفارمر اتارے گئے جبکہ 65 غیر قانونی کنڈہ کنکشن پکڑے گئے ہیں۔ اور بجلی چوروں کے خلاف مروجہ قانون کے تحت متعلقہ تھانوں FIR درج کرانے کیلئے لیٹر جمع کرادیئے گئے ہیں۔ مزید برآں سکرنڈ سب ڈویژن کے علاقے میں کارروائیوں کے دوران 25KVA کے ٹیوب ویل کے 03 غیر قانونی ٹرانسفارمر بھی اتارے گئے ہیں جبکہ مزید کارروائیاں کی جارہی ہیں واضح رہے کہ حیسکو چیف نے اسپیشل ریکوری ٹیموں کو واضح ہدایات دیں ہیں کہ نادہندگان سے واجبات کی 100% فیصد وصولی اولین ترجیح بنیادوں پر یقینی بنائیں، انہوں نے کہا کہ حیسکو کمرشل ادارہ ہے جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا انتظام نہیں چلاسکتا۔ اس لیئے صرف اور صرف واجبات کی ادائیگی کرنے والے صارفین کو بجلی فراہم کی جائے گی، اور نادہندگان اپنے واجبات کی آسان ادائیگی کیلئے کسٹمرز سروس سینٹر پر جاکر بجلی کے بلوں کی اقساط بنواکے جمع کراسکتے ہیں، اور یہ لازمی ہے، ورنہ بجلی کے بلوں کی ادائیگی کے بغیر کنکشن نہیں چلنے دیا جائے گا۔ بجلی چوری کی روک تھام کا عمل بھی جاری ہے۔ اس وقت حیسکو کے ٹوٹل 98 ارب 20 کروڑ 76 لاکھ روپے کے واجبات ہیں۔ جس میں وفاقی اداروں پر 4 ارب 10 کروڑ 92 لاکھ، صوبائی اداروں پر 8 ارب 72 کروڑ 56 لاکھ روپے جبکہ نجی صارفین پر 85 ارب 37 کروڑ 28 لاکھ روپے کے واجبات ہیں۔ تفصیلات کے مطابق آپریشن سرکل حیدرآباد کے وفاقی اداروں پر ایک ارب 84 کروڑ 35 لاکھ۔ صوبائی اداروں پر 2 ارب 79 کروڑ 64 لاکھ۔ نجی صارفین پر 33 ارب 4 کروڑ 2 لاکھ۔ آپریشن سرکل لاڑکے وفاقی اداروں پر 51 کروڑ 10 لاکھ۔ صوبائی اداروں پر 2 ارب 12 کروڑ 78 لاکھ۔ نجی صارفین پر 25 ارب 6 کروڑ 60 لاکھ۔ آپریشن سرکل نوابشاہ کے وفاقی اداروں پر 8 کروڑ 6 لاکھ۔ صوبائی اداروں پر 2 ارب 55 کروڑ 9 لاکھ۔ نجی صارفین پر 20 ارب 19 کروڑ 90 لاکھ۔ اور آپریشن سرکل میرپورخاص کے وفاقی اداروں پر ایک ارب 67 کروڑ 41 لاکھ۔ صوبائی اداروں پر ایک ارب 25 کروڑ 5 لاکھ۔ نجی صارفین پر 7 ارب 6 کروڑ 76 لاکھ روپے کے واجبات ہیں۔ جس کی وصولی کیلئے حیسکو اسپیشل ریکوری ٹیمیں کارروائیاں کررہی ہیں، جو واجبات کی 100% فیصد وصولی کیلئے ءکارروائیاں کررہی ہیں۔